سوال

(220)زکوۃ سے کزن کے قرض کی ادائیگی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ہم اپنی نکالی گئی زکوۃ سے اپنے مرحوم کزن جو کے سید تھا کا قرض ادا کر سکتے ہیں ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں!آپ اپنی زکوۃ سے ہر اس بندے کا قرض اتار سکتے ہیں ،جس کی کفالت آپ کی ذمے نہ ہو اور جو مستحق زکوۃ ہو۔اب آپ کے کزن کی کفالت تو شرعی اعتبار سے آپ کے ذمہ نہیں ہے،اور اگر وہ مستحق تھا اور اس نے کوئی ترکہ نہیں چھوڑا ہے جس سے قرض ادا کیا جائے ، اور اس کے شرعی ورثاء بھی یہ قرض اتارنے کے قابل نہیں ہیں تو آپ اس کا قرض اتار سکتے ہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی